© rasailojaraid.com



معارف و تبصرہ رئیس التحریر

# نقوش کا قرآن نمبر

"نقوش" پاکستان کا معروف ادبی جریدہ ہے جو ایک عرصہ سے اردو ادب کے ایک معیاری نمائندے کے طور پر خدمات سرانجام دے رہا ہے' اس کے متعدد خصوصی نمبر اپنے اعلیٰ معیار اور عمدہ ذوق کے باعث ادبی تاریخ میں نمایاں جگہ حاصل کر چکے ہیں جن میں "رسول ﷺ نمبر" سب سے ممتاز ہے اور نقوش کے بانی جناب محمد طفیل مرحوم کی عمر بھر کی کاوشوں کا نچوڑ اور شاہکار ہے۔ ان کے بعد ان کے فرزند جناب جاوید طفیل اپنے عظیم باپ کی روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہیں اور "رسول ﷺ نمبر" کی طرز پر "قرآن نمبر" کی اشاعت کا آغاز کر چکے ہیں جس کی پہلی دو جلدیں اس وقت ہمارے سامنے ہیں۔ پہلی جلد ساڑھے چھ سو سے زائد اور دوسری بھی اسی کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل ہے۔ قرآن کریم کے حوالہ سے مختلف عنوانات پر ممتاز اہل قلم کی نگارشات کو "نقوش" کے خصوصی ذوق کے مطابق پیش کیا گیا ہے۔ کتابت و طباعت کے معیار اور جلد و ٹائٹل کے حسن کے بارے میں نقوش کا نام سامنے آجانے کے بعد مزید کچھ کہنے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی' ہماری دعا ہے کہ "رسول ﷺ نمبر" کی طرح "قرآن نمبر" بھی جلد تکمیل تک پہنچے اور زیادہ سے زیادہ لوگ علم و عرفان کے اس ذخیرے سے فیض یاب ہوں۔ دونوں جلدوں کی مجموعی قیمت پانچ سو روپے ہے اور انہیں "نقوش ۔ اردو بازار لاہور" کے پتہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## "الاشرف" کا قرآن نمبر

جامعہ اشرفیہ سکھر کا ترجمان ماہنامہ "الاشرف" ایک عرصہ سے دینی صحافت کے محاذ پر سرگرم عمل ہے اور مولانا محمد اسعد تھانوی کی نگرانی میں ہمارے فاضل دوست مولانا محمد اسلم شیخوپوری کی زیر ادارت دینی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ "الاشرف" نے گزشتہ دنوں "قرآن نمبر" کے عنوان سے قرآن پاک کے بارے میں ممتاز اصحاب قلم کی نگارشات کو جمع کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے اور اب تک دو خصوصی اشاعتیں سامنے آچکی ہیں۔ پہلی جلد دو سو سے زائد صفحات اور دوسری جلد ساڑھے تین سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل ہے۔ "الاشرف" کا سالانہ زر خریداری ڈیڑھ سو روپے ہے۔ جبکہ "قرآن نمبر" کی پہلی جلد پر اس کی الگ قیمت درج نہیں اور دوسری جلد پر اس کی الگ قیمت ایک سو دس روپے درج ہے اور انہیں "دفتر ماہنامہ الاشرف' الاحمد مینشن ۱۳۔ بی گلشن اقبال کراچی" کے پتہ سے منگوایا جا سکتا ہے۔

## جادو کی حقیقت اور اس کا قرآنی علاج

حجت الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ العزیز کے پوتے حضرت مولانا قاری محمد طاہرؒ کی تصنیف "التعوذ فی الاسلام" علمی حلقوں میں معروف کتاب ہے جس میں انہوں نے قرآن کریم کی آخری دو سورتوں کے مضامین کی تشریح کی ہے اور جادو کے بارے میں اسلامی تعلیمات و احکام کا بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ کتاب پر حضرت مولانا میاں اصغر حسین صاحبؒ' حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ' حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ' حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ' حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ اور حضرت مولانا اعزاز علیؒ جیسے اکابر کی تصدیقات موجود ہیں۔ ایک عرصہ کے بعد اس کتاب کو ہمارے فاضل دوست مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے مندرجہ بالا عنوان کے تحت معیاری کتابت و طباعت اور خوبصورت جلد کے ساتھ دوبارہ پیش کیا ہے' صفحات ساڑھے تین سو سے زائد ہیں اور قیمت ڈیڑھ سو روپے ہے۔ ملنے کا پتہ "انجمن خدام الاسلام ۲۸۵ جی ٹی روڈ باغبان پورہ لاہور" ہے۔

## ماہنامہ حق چار یارؓ کا حضرت جہلمیؒ نمبر

تحریک خدام اہل سنت پاکستان کے ترجمان ماہنامہ "حق چار یارؓ" نے مجاہد اہل سنت حضرت مولانا عبد اللطیف جہلمی رحمہ اللہ تعالیٰ کی زندگی اور خدمات کے بارے میں ایک خصوصی نمبر شائع کیا ہے جو حضرت مرحوم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے حوالہ سے ممتاز علماء کرام کے مضامین پر مشتمل ہے۔ صفحات ۳۴۰' قیمت ایک سو بیس روپے ہے۔ ملنے کا پتہ: دفتر ماہنامہ حق چار یارؓ۔ متصل جامع مسجد برکت علی مدینہ بازار زیلدار پارک اچھرہ لاہور ۔ ۵۴۶۰۰

## جمعۃ المبارک کی تعطیل و تعظیم

موجودہ حکومت نے جمعۃ المبارک کی سرکاری چھٹی ختم کی تو اس پر ملک بھر میں بحث و تمحیص کا سلسلہ شروع ہو گیا اور بعض حلقوں کی طرف سے یہ تاثر دیا گیا کہ شرعی طور پر جمعۃ المبارک کی چھٹی کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر مدظلہ کے فرزند برادر عزیز قاری حماد الزہراوی سلمہ نے زیر نظر رسالہ میں اس کا تفصیلی جائزہ لے کر جمعۃ المبارک کے دن کی فضیلت اور اس کی چھٹی کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے' جو اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے بہت مفید ہے۔ ساٹھ صفحات پر مشتمل اس رسالے کی قیمت ۱۵ روپے ہے اور اسے "[illegible]" سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com